سوال

کیا شادی کرنا آخروی عمل میں شمار ہوتا ہے یا کہ دنیاوی امور اور اپنی جان کا نصیب شمار ہوتا ہے ؟

جواب

الحمد للہ

اگر تو اس سے اطاعت و فرمانبرداری اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کرنا مقصود ہو، یا نیک و صالح اولاد کا حصول، یا اپنی عفت و عصمت اور آنکھ و نظر اور دل و شرمگاہ محفوظ کرنا مقصود ہو تو یہ اخروی اعمال میں شمار ہوگا اور اس پر اسے اجر و ثواب حاصل ہوگا

لیکن اگر وہ ان میں سے کسی کا بھی مقصد و ارادہ نہ رکھے تو بھی یہ مباح اور دنیاوی امور اور جان کا نصیب ہے، لیکن ایسا کرنے میں اسے ثواب نہیں ہوگا، اور نہ ہی کوئی گناہ"

واللہ تعالی اعلم.